عالمی منظر پر ہندوستانی نقطۂ نظر پیش کیا

وزیراعظم مودی جی۔7 سربراہی اجلاس کے اختتام کے بعد ہندوستان روانہ

اپولیا/نئی دہلی،15/جون۔(ایجنسیز) وزیراعظم مودی جی 7 سربراہی اجلاس کیلئے اٹلی کے کامیاب دورے کے بعد آج ہندوستان روانہ ہوگئے، جنیوا دوران انہوں نے 7 آؤٹ ریچ سمٹ میں شرکت کی اور کئی عالمی رہنماؤں کیساتھ دوطرفہ ملاقاتیں کیں۔ مودی نے سوشل میڈیا پر پوسٹ کیا، "اپولیا میں جی 7 سربراہی اجلاس بہت نتیجہ خیز رہا۔ عالمی رہنماؤں سے بات چیت کی اور مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔"ایک ساتھ مل کر، ہمارا مقصد مؤثر مل جل کر کیا جائے جس سے عالمی برادری کو فائدہ پہنچے اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک بہتر دنیا کی تعمیر ہو۔" وزیراعظم نے کہا کہ میں اٹلی کے عوام اور حکومت کا ان کی گرمجوشی سے مہمان نوازی پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔ وزارت خارجہ نے جرمان رندھیر جیسوال نے ایک پوسٹ میں کہا کہ اس دورے سے سربراہی اجلاس میں شریک ممالک کے ساتھ ہندوستان کی شراکت داری کو مزید گہرا کیا ہے۔ انہوں نے کہا، "اٹلی کا کامیاب دورہ وزیراعظم مودی کی نئی دہلی روانگی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔" اس دورے میں جی 7 چوٹیک فارم کے تحت اہم عالمی مسائل پر باہمی بات چیت دیکھنے میں آئی اور اس نے سربراہی اجلاس میں شرکت کرنے والے ممالک کیساتھ ہندوستان کی شراکت داری کو گہرا کیا۔" وزیراعظم مودی نے دیگر شریک قائدین کیساتھ جی 7 میں ایک گروپ فوٹو بھی لیا۔ میڈیا پر ایک پوسٹ میں وزیراعظم نے اپنے دورے کو کارآمد قرار دیا اور کہا کہ یہ ایک اہم دن ہے 20 چوٹی کانفرنس تھی جس میں انھوں نے عالمی منظر پر ہندوستان کے نقطۂ نظر کو پیش کیا۔ انھوں نے مختلف موضوعات پر عالمی قائدین کے ساتھ اپنی بات چیت کو نمایاں کیا۔ انھوں نے مؤثر حل کیلئے مشترکہ عہد کا اظہار کیا جس سے عالمی برادری کو فائدہ پہونچے اور مستقبل کی نسلوں کیلئے ایک بہتر دنیا کی تشکیل ہوسکے۔ وزارت خارجہ کے ایک اور دورے کے دوران جی 20 پلیٹ فارم کے تحت کلیدی عالمی مسائل پر ثمرآور مذاکرات ہوئے۔ اس کے علاوہ چوٹی کانفرنس کے دوران شریک ممالک کے ساتھ ہندوستان کی شراکت کو مضبوط کرنے پر بات چیت ہوئی۔ اس دورے کے دوران وزیراعظم نے جی 7 سمٹ میں شرکت کی اور اپنی اطالوی ہم منصب جارجیا میلوئی، برطانیہ کے وزیراعظم رشی سوناک، فرانس کے صدر ایمانوئیل میکرون اور یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلینسکی کے بشمول کئی عالمی قائدین کے ساتھ باہمی ملاقاتیں کیں۔ اٹلی کے اوپلیہ میں جمعہ کو جی 7 سمٹ کے آؤٹ ریچ سیشن سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے توانائی کے شعبے میں ہندوستان کے سفری وضاحت کی۔ انھوں نے ہندوستان کے آرٹیفیشیل انٹیلیجنس مشن کا تذکرہ کیا جو سب کے لئے مصنوعی ذہانت کے اصول پر مبنی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس ٹکنالوجی کا مقصد تمام افراد کی فلاح و بہبود ہونا چاہئے۔

اندرا گاندھی، ہندوستان کی ماں: بی جے پی ایم پی کا ادعاء

تھریشور،15/جون۔(ایجنسیز) کیرالہ کے تھریشور سے بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ اور مرکزی وزیر سریش گوپی نے سابق وزیراعظم اندرا گاندھی کو 'مدر آف انڈیا' (ہندوستان کی ماں) کہا۔ انہوں نے سابق کانگریس چیف منسٹر آنجہانی کرونا کرن کو بھی ایک دیلیور یز راعلی قرار دیا۔ گوپی نے کہا کہ وہ اندرا گاندھی کو 'مدر آف انڈیا' مانتے تھے، اس لیے کرونا کرن ان کیلئے ریاست میں کانگریس پارٹی کے باپ تھے۔ گوپی نے بدھ 12 جون کو پنگنم میں کرونا کرن کی یاد گار مرلی مندرم کا دورہ کیا تھا۔ میڈیا سے بات چیت کے دوران انہوں نے یہ بھی کہا کہ ان کے دورے سے کوئی سیاسی مطلب نہیں نکالا جانا چاہیے، کیونکہ وہ اپنے گرو کو خراج عقیدت پیش کرنے آئے ہیں۔ گوپی کیرالہ سے بی جے پی کے پہلے رکن پارلیمنٹ ہیں۔ انہوں نے سی پی آئی کے سمیل کمار کو 75 ہزار ووٹوں سے شکست دی ہے۔ ساتھ ہی کرونا کرن کے بیٹے اور کانگریس لیڈر کے مرلی دھرن کو بھی شکست دی۔ مرلی دھرن تیسرے نمبر پر رہے تھے۔ گوپی نے بتایا کہ نیتا اور ان کی بیوی شارد اتیجر کی طرح ہی ان کے کرونا کرن اور ان کی بیوی کلیانی کٹی امّا کے ساتھ بھی اچھے تعلقات تھے۔ اس لیے وہ کنور میں نیتا کے گھر جا کر ان کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔

سیاسی انتقامی کاروائیاں کرنا بی جے پی کا کام: چیف منسٹر سدارامیا

بنگلور،15/جون۔(ایجنسیز) ریاست کرناٹک کے چیف منسٹر سدارامیا نے بنگلورو کنیٹ کا امتحان دوبارہ منعقد کرنے کی وکالت کرتے ہوئے کہا کہ گریس مارکس دینا غلط ہے۔ سیمور میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے چیف منسٹر سدارامیا نے کہا کہ نیٹ امتحان میں ان طلباء کے ساتھ غلط ہوا جنہوں نے سخت محنت کی تھی۔ طلباء کو پاس کرنے کیلئے گریس مارکس نہیں دینا چاہئے۔ گریس مارکس دینا غلط ہے اس سے امتحان کا رتبہ کم ہوجاتا ہے۔ اس معاملہ پر میں پہلے ہی اپنا بیان دے چکا ہوں۔ میں نے اس معاملے کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے اور دوبارہ امتحان کرانے کی اپیل کی ہے۔ نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے صحیح طریقے سے امتحان نہیں لیا ہے۔ طلباء کیساتھ ناانصافی نہیں ہونی چاہیے۔ مرکزی کابینہ میں جنوبی ہند کے 8 وزراء کو شامل کیے جانے پر جواب میں سدارامیا نے کہا کہ بی جے پی چاہے جتنی بھی کوشش کرلے وہ آرایس ایس کے پراٹر ہونے کی وجہ سے جنوبی ہندوستان میں حمایت حاصل نہیں کرسکے گی۔ بی جے پی آر ایس ایس کی سیاسی حلیف ہے لیکن ہندوستان کا جنوبی حصہ اس کی حمایت نہیں کریگا۔ سیاسی مخالفین کیخلاف انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ اور سی بی آئی کے غلط استعمال کے بارے میں تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی شروع سے ہی لوگوں کو نشانہ بنانے کے لئے ای ڈی اور سی بی آئی کا استعمال کرتی رہی ہے۔

فرسودہ ذہنیت سے مستقبل کی جنگ لڑنا ممکن نہیں

تمام نئے عہدیداروں کو ہنرمند ہونا چاہئے۔فضائیہ کے سربراہ وویک چودھری کا بیان

نئی دہلی،15/جون۔(ایجنسیز) آر کی چیف ایئر چیف مارشل وویک رام چودھری نے بنگلورو کہا کہ مستقبل کی جنگوں کو فرسودہ ذہنیت سے نہیں لڑی جاسکتیں' اسلئے فضائیہ کے کیڈٹ عہدیداروں کو مختلف شعبوں میں ہنر سیکھنے پر زور دینا ہوگا۔ ایئر چیف مارشل نے حیدرآباد کے ڈنڈیگل میں ایئر فورس اکیڈمی کا کامیابی کے ساتھ تربیت مکمل کرنے والے کیڈٹ عہدیداروں کی کانووکیشن پریڈ اور تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سال 2024 کو اپ اسکلنگ کے ذریعے تبدیلی کا سال قرار دیا گیا ہے اور اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے تمام نئے کیڈٹ عہدیداران کو ملٹی ڈومین لیڈر بننے کے لیے مختلف ہنر سیکھنے چاہئیں۔ انہوں نے زور دیا آنے والے کل کی جدوجہد کو گزرے کل کی ذہنیت سے نہیں لڑا جاسکتا۔ نئے معیارات قائم کرنے والے پرانے معیارات پر عمل کرنے والوں پر ہمیشہ غالب رہیں گے۔ جدید جنگ کے حوالے سے چیف آف دی ایئر سٹاف نے پاس آؤٹ ہونے والے کیڈٹس کو یاد دلایا کہ جدید جنگ متحرک اور مسلسل ارتقا پذیر ہے' چیچیدہ ڈیٹا نیٹ ورکس اور جدید ہائیر ٹیکنالوجی سے متاثر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگی کمانڈنگ آفیسرز کے طور پر آپ سب کو جنگ جیتنے میں فیصلہ کن ثابت کرنے کے لیے مؤثر طریقے سے ٹیکنالوجی کو اپنانے' اختراع کرنے اور فائدہ اٹھانے کی ضرورت ہے۔ وایو بیسٹا کرسی پہلے' مشن ہمیشہ کے ہندوستانی فضائیہ کے نعرے پر بات کرتے ہوئے انہوں نے نئے تعینات ہونے والے عہدیداران پر زور دیا کہ وہ پیشہ ورانہ قابلیت' جسمانی اور اخلاقی جرات' کردار اور ہمدردی کے ذریعے اپنے اتحقوں کا احترام حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ خدمت کے دوران تیار کیا گیا یہ اتحاد اور ٹیم ورک طاقت بڑھانے والا ثابت ہوگا۔ کانووکیشن کی تقریب میں فضائیہ کی فلائنگ اور گراؤنڈ ڈیوٹی برانچز کے 235 فلائٹ کیڈٹس کو کمیشن سے نوازا گیا۔ ان میں 22 خواتین عہدیداران بھی شامل ہیں جنہوں نے فضائیہ کی مختلف شاخوں میں کرنے پر ونگز سے بھی نوازا گیا۔ نیشنل ڈیفنس اکیڈمی میں چار سال قبل گراؤنڈ ڈیوٹی برانچز میں شامل ہونے والے 25 کیڈٹس کو بھی کمیشن دیا گیا۔ ان میں سے پانچ عہدیداران کو ایئر فورس کی ایڈمنسٹریشن برانچ میں تین کو لاجسٹک برانچ میں اور 17 کو ٹیکنیکل برانچ میں کمیشن دیا گیا ہے۔ تقریب میں شاندار مارچ پاسٹ کیا گیا۔ پریڈ میں ہاک' کرن اور چیتک ہیلی کاپٹروں پر مشتمل جیٹ رائڈرز ہوائی جہازوں کی ذریعے ایک اچھی طرح سے مربوط اور شاندار فلائی پاسٹ کا مشاہدہ کیا گیا۔ پریڈ کے ریویونگ آفیسر نے تربیت کے مختلف مضامین میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کیڈٹ آفیسرز کو مختلف اعزازات سے نوازا۔ فلائنگ برانچ کے فلائنگ آفیسر مینوں کو پائلٹ کورس میں میرٹ کے مجموعی ترتیب میں پہلے نمبر پر آنے پر صدر کی توصیف اور فضائیہ کے سربراہ کی سوڈ آف آنر سے نوازا گیا۔ فلائنگ آفیسر توفیق رضا کو گراؤنڈ ڈیوٹی آفیسرز کورس میں میرٹ کے مجموعی ترتیب میں اول آنے پر صدر کی توصیف سے نوازا گیا۔

کمیشن حاصل کیا۔ تقریب میں فضائیہ اور متعلقہ خدمات کے کئی معززین کیساتھ سنگ کیڈٹ عہدیداران کے اہل خانہ نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر بحریہ اور ہندوستانی کوسٹ گارڈ کے نوعہدیداران اور دوست ممالک کے ایک عہدیدار کو کامیابی سے پرواز کی تربیت مکمل

ایک لاکھ مقامات پر ہنومان چالیسہ پاٹھ مراکز شروع کیے جائیں گے: ڈاکٹر ٹوگڑیا

مائونٹ ابو، 15/جون۔(ایجنسیز) بین الاقوامی ہندو کونسل کے قومی صدر ڈاکٹر پراوین توگڑیا نے کہا کہ پریاگ راج میں آئندہ مہاکمبھ تک ایک لاکھ مقامات پر ہنومان چالیسہ پاٹھ کے مراکز شروع کرنے کا ہدف ہے۔ ڈاکٹر توگڑیا نے کہا کہ اس وقت پورے ملک میں 13 ہزار مقامات پر ہنومان چالیسہ پاٹھ کے مراکز چل رہے ہیں، ان مراکز کے ذریعے ایک کروڑ ہندوؤں کو منظم سے جوڑا جائے گا۔ اس کے لیے ہر صوبے کو تین ہزار ہنومان چالیسہ مراکز کا ہدف دیا گیا ہے۔ نوجوان خواتین کی منظم اوجاسوبی کی قومی صدر نے کہا کہ پورے ملک میں بہنوں کا کام بڑھ رہا ہے۔ اس بار ویمن سیفٹی مہم کے تحت 25 صوبوں کے 123 اسکولوں اور کالجوں میں لڑکیوں کو بیدار کیا گیا۔ 200 مقامات پر بہنوں کی میٹنگز منعقد کیں اور صحت سے متعلق معلومات دیں۔ اس بار سیلف ڈیفنس کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جس میں بہنوں کو کنارہ کشاہ اور تلوار کو شادی جائیگی۔ انڈیا ہیلپ لائن کے قومی جنرل سکریٹری نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہندو ہیلپ لائن ہندوستان کے 38 میں سے 22 صوبوں میں اچھا کام کررہی ہے۔

نیٹ یو جی تنازعہ پر سپریم کورٹ میں ایک اور عرضی دائر

23.3 لاکھ طلبہ کے نتائج کی جانچ وفی ریک لسٹ جاری کرنے کا مطالبہ۔19 ملزمین گرفتار

نئی دہلی،15/جون۔(ایجنسیز) نیٹ یو جی رزلٹ تنازع میں ایک اور عرضی آج ہفتہ کو سپریم کورٹ میں داخل کی گئی ہے۔ اس میں تمام 23.3 لاکھ طلبا کی اوایم آر شیٹس کو دوبارہ چیک کرنے اور نئی رینکنگ جاری کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ درخواست میں یہ مطالبہ بھی کیا گیا ہے کہ اس معاملے کی پوری تحقیقات سپریم کورٹ کے پینل کی ذریعہ مانیٹر کی جائے۔ ایڈوکیٹ تنوی دوبے اور ایڈوکیٹ اربیت جین نے عدالت میں یہ عرضی داخل کی ہے۔ یہ عرضی نیٹ امتحان میں شامل 8 طلبا نے دائر کی ہے۔ اس میں طلبا نے 7 دائل پیش کیے ہیں جو درج ذیل ہیں۔ بہت سے طلبا نے اوایم آر شیٹ اور اسکور کارڈ میں الگ الگ نمبر حاصل کیے ہیں۔ یہ طلبا ان امتحان مراکز سے بھی نہیں جہاں گریس نمبر دیے گئے ہیں۔ کٹ آف اور اوسط نمبر گزشتہ سالوں کے مقابلے کہیں زیادہ ہیں۔ 67 طلبا 720 میں سے 720 کے اسکور کے ساتھ اڑ رہے ہیں جو پچھلے سالوں میں 3 یا 4 ہوا کرتے تھے۔ ان میں سے 6 ہریانہ کے ایک ہی امتحان مرکز سے ہیں۔ طلبا نے 718 اور 719 نمبر بھی حاصل کیے ہیں جو کہ ریاضی کے لحاظ سے ممکن نہیں ہے۔ کس بنیاد پر اور کتنے گریس مارکس دیے گئے، یہ بھی واضح نہیں کیا گیا ہے۔ گریس مارکس دیے جانے کے پیچھے کوئی منطق نہیں ہے اور نہ ہی گریس مارکس حاصل کرنے والے طلبا کی کوئی فہرست جاری کی گئی ہے۔ ستمبر میں ضائع ہونے والے وقت کے بدلے گریس نمبر دیے جانے کا اصول امتحان سے پہلے نوٹیفکیشن میں بتایا جانا چاہیے تھا۔ نیٹ (این ای ای ٹی) بیچ ایک اور نقل معاملہ دن بہ دن طول پکڑتا جارہا ہے۔ روز انہ نئی نئی باتیں سامنے آرہی ہیں اور اپوزیشن

پارٹیاں حکمراں طبقہ پر حملہ آور دکھائی دے رہی ہے۔ اس معاملے میں اب تک بہار اور گجرات سے مجموعی طور پر 19 ملزمین کو گرفتار کیا گیا ہے۔ بہاری بات کی جائے تو آکاش یونٹ (ای او یو) اور پٹنہ پولیس نے 14 ملزمین کو گرفتار کیا ہے۔ دراصل نیٹ امتحان سے قبل پٹنہ میں 'سالور گروہ' کی طرف سے ایک پرائیویٹ اسکول میں کچھ امتحان دہندگان کو سوال نامہ رٹوانے کا معاملہ سامنے آیا تھا۔ پرائیویٹ اسکولوں میں جلے ہوئے سوال نامے بھی ملے۔ اس کی جانچ شروع ہوچکی ہے اور مشتبہ افراد کے خلاف کارروائی بھی شروع کردی گئی ہے۔ اس پورے معاملے میں حکومت پر حملہ آور ہوتے ہوئے کانگریس صدر کھرگے نے 14 جون کو پی ایم مودی سے سوال کیا کہ وہ آخر اس تعلق سے خاموش کیوں ہیں؟ انہوں نے کہا کہ صرف سپریم کورٹ کی نگرانی والی فورنسک جانچ ہی لاکھوں طلبا کے مستقبل کی حفاظت کرسکتی ہے۔

بی جے پی 241 تک محدود، ایم وی اے کی کامیاب شروعات

ایودھیا و ناسک میں رام، بی جے پی مُنکت ہوگئے۔مہاوکاس اگھاڑی قائدین کی پریس کانفرنس

ممبئی،15/جون۔(ایجنسیز) مہاراشٹرا کے سابق چیف منسٹر شیوسینا ادھو کے صدر ادھو ٹھاکرے نے کہا کہ مہاراشٹرا لوک سبھا انتخابات میں مہاوکاس اگھاڑی (ایم وی اے) کی کامیابی ابتدا ہے نہ کہ انتہا نہیں ہے۔ ادھو ٹھاکرے کی شیوسینا مہاراشٹرا کے اپوزیشن اتحاد ایم وی اے' کی اہم رکن بنے نے جنوبی ممبئی میں ایم وی اے کے دیگر ارکان این سی پی شرد پوار اور کانگریس کے قائد پرتھوی راج چوان کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اس اتحاد کا اظہار کیا کہ اپوزیشن اتحاد ریاست میں منعقد شدنی اسمبلی انتخابات میں کامیابی حاصل کریں گے۔ ادھو ٹھاکرے نے وزیراعظم مودی اور بی جے پی کی سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ میں 22 جنوری کو رام مندر گیا تھا۔ 23 جنوری کو ناسک میں کہا گیا کہ بی جے پی مُنکت ہوگئے ہے۔ ایودھیا اور ناسک میں رام ہی بی جے پی مُنکت ہوگئے ہیں۔ جہاں جہاں رام ہیں' وہاں وہاں بی جے پی ہار گئی ہے۔ رام ہی بی جے پی مُنکت ہوگئے ہیں۔ اس پریس کانفرس میں جب ادھو ٹھاکرے سے یہ سوال کیا گیا کہ جو لوگ آپ کی پارٹی چھوڑ کر چلے گئے ہیں' کیا آپ انھیں واپس پارٹی میں شامل کریں گے؟ اس کے جواب میں ادھو ٹھاکرے نے واضح لفظوں میں کہا بالکل نہیں۔ یعنی ادھو ٹھاکرے نے ایسے کسی بھی لیڈر کو اپنی پارٹی میں دوبارہ شامل کرنے سے منع کردیا ہے جو ان کا ساتھ چھوڑ کر یا تو بی جے پی میں شامل ہوئے یا پھر اجیت پوار شدد کے ساتھ چلے گئے ہیں۔ ادھو ٹھاکرے نے کہا ایم وی اے کی شریک تینوں جماعتوں نے جاریہ سال کے اواخر میں منعقد شدنی مہاراشٹرا اسمبلی انتخابات کے سلسلہ میں مذاکرات کا آغاز کردیا۔ اس موقع پر ادھو ٹھاکرے نے کہا کہ ریاست کے عوام نے دکھایا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کے ناقابل تسخیر ہونے کا افسانہ کتنا کھوکھلا ہے۔ سابق چیف منسٹر نے کہا مہاوکاس اگھاڑی (ایم وی اے) کے لیے لوک سبھا انتخابات میں کامیابی اختتام نہیں ہے بلکہ یہ تو شروعات ہے۔ کانگریس لیڈر پرتھوی راج چوہان نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات کے نتائج کے بعد مہاراشٹر میں حکومت کی تبدیلی قریب ہے۔ وزیراعظم پر تنقید کرتے ہوئے شرد پوار پوار نے کہا ہم ایم وی اے کے لیے سیاسی ماحول کو سازگار بنانے کے لیے وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ حال ہی میں ختم ہونے والے لوک سبھا انتخابات میں کانگریس نے مہاراشٹرا میں 13 نشستوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔ جبکہ 2019 کے انتخابات میں کانگریس کو ریاست میں صرف ایک نشست پر کامیابی حاصل کی تھی جبکہ شیوسینا (ادھو) نے 9 نشستوں پر اور این سی پی (شرد پوار) کو 8 نشستیں حاصل ہوئیں۔

مغربی بنگال میں راج بھون اور سکریٹریٹ میں نئی رسہ کشی

کولکتہ، 15/جون۔(ایجنسیز) ترنمول کانگریس کے 2 منتخب ارکان اسمبلی کی حلف برداری پر راج بھون اور مغربی بنگال سکریٹریٹ میں تازہ رسہ کشی شروع ہوگئی ہے۔ یہ دونوں حالیہ ضمنی الیکشن میں ضلع مرشد آباد کے جنگھوان گولا اور ضلع ہاٹی 24 پرگنہ کے بڑا نگر سے منتخب ہوئے ہیں۔ ترنمول کانگریس کے ریاض حسین سرکار اور سابیتا بسواس منتخب ہوئے 11 دن ہوچکے ہیں لیکن ریاستی سکریٹریٹ نابانا اور راج بھون کے درمیان مراسلت کے فنی مسائل کے منعقد شدنی حل نہ ہونے کی وجہ سے سرکاری حلف برداری منعقد نہ ہوسکی۔ پروٹوکول کے مطابق ریاستی محکمہ پارلیمانی امور کا اس سلسلہ میں راج بھون سے مراسلت کرنی ہوتی ہے۔ محکمہ کو گورنر باز لکھنا پڑتا ہے۔ راج بھون سے سرکاری مراسلت ہوچکی ہے لیکن یہ ریاستی محکمہ پارلیمانی امور کے انچارج وزیر کی طرف سے نہیں ہوئی بلکہ معتمد مغربی بنگال اسمبلی کے دفتر کی طرف سے ہوئی جس کا جواب نہیں آیا۔ غور طلب ہے کہ گورنر نے بیان جاری کرکے مطالبہ کیا تھا کہ راج بھون کے باہر ڈیوٹی پر تعینات کولکتہ پولیس عملہ کو تبدیل کردیا جائے۔ قائد اپوزیشن نے شکایت کی تھی کہ سٹی پولیس کے عملہ نے انہیں راج بھون میں داخل ہونے سے روکا۔

جاوید مصباحی کو اردو کیلئے ساہتیہ اکیڈیمی کے یووا ایوارڈ کا اعلان

نئی دہلی،15/جون۔(ایجنسیز) ساہتیہ اکیڈمی نے ہفتہ 23 نوجوان مصنفین کے انعامات یووا پرسکار کے فاتحین کے ناموں کا اعلان کیا۔ نیشنل اکیڈمی آف لیٹرز نے 2024 کے لیے پانچ ساہتیہ پرسکار کے 24 فاتحین کے ناموں کا بھی اعلان کیا۔ انعام یافتگان میں انگریزی کے نوجوان مصنف کے ویشالی اور ہندی مصنف گورو پانڈے اور اردو مصنف جاوید منیر مصباحی شامل ہیں۔ جنہیں کئی زبانوں میں سے باوقار یووا پرسکار حاصل ہوگا۔ اکادمی نے ایک بیان میں کہا کہ سنسکرت میں یووا پرسکر کے فاتح کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ ادبی ادارے نے ایک بیان میں کہا کہ ساہتیہ اکادمی کے صدر سری دیا ناتھ کوشک کی صدارت میں ہفتہ کو اگیز کیوٹو بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا' اس اجلاس میں 23 مصنفین' ادیبوں کے انتخاب کو منظوری دی جن کا انتخاب متعلقہ زبان کے مقصد کے لیے وضع کردہ اصول اور طریقہ کار سے متعلق سہ رکنی جیوری کی سفارشات کی بنیاد پر کیا گیا تھا۔ ویشالی کوان کی یادداشت جوم لیسکے لیے دیا گیا۔

مہاراشٹر میں مویشیوں کے ٹرکوں کو روکنے پر سخت کارروائی کا مطالبہ

ممبئی،15/جون۔(ایجنسیز) آج یہاں عید الاضحی کے لیے وزیراعلیٰ شری ایکناتھ شندے نے ایک خصوصی میٹنگ بلائی جس میں میونسپل کمشنر میونسپل کارپوریشن کے عہدیداران' پولیس کمشیر وغیرہ موجود رہے' اس میٹنگ میں قربیشی جماعت ایسوسی ایشن کے عہدیداران ساج وادی رہنماء اور ایم ایل اے اوجاسم اعظمی' ایم ایل اے رئیس شیخ' ایم ایل اے امین پٹیل' مشلوب قریشی اور دیگر ممبران کے وفد کے ساتھ اہم مطالبات پیش کئے۔ میٹنگ میں مطالبہ کیا گیا کہ ممبئی سمیت مہاراشٹر میں پُر امن عید الاضحیٰ پر مویشیوں کے ٹرکوں کو روکنے پر سخت کارروائی کی جائے۔ تمام مسائل پر چیف منسٹر ایکناتھ شندے نے تمام مطالبات کو مثبت طریقے سے پورا کرنے کا یقین دلایا اور اس بات کو یقینی بنایا کہ عید الاضحیٰ (بقرہ عید) کے دوران کوئی رکاوٹ نہ آئے۔ اس موقع پر چند مطالبات پیش کیے گئے کہ گزشتہ سال دیونار سلاٹر ہاؤس میں جانوروں کی فیس معاف کردی گئی تھی' اسی طرح چیف منسٹر نے اس سال بھی فیس معاف کرنے کے مطالبے سے اتفاق کیا۔ جبکہ دیونار سلاٹر ہاؤس میں تاجروں اور خریداروں کی گاڑیوں کو مفت پارکنگ فراہم کی جائیگی۔ اس کیساتھ ساتھ دیونار سلاٹر ہاؤس میں پینے کا پانی مفت کیا جائے گا اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ کینٹین وغیرہ میں فروخت ہونے والی چیزیں ایم آر پی پر فروخت ہوں۔ دیونار سلاٹر ہاؤس میں صفائی کے لیے مزید صفائی عملہ کا تقرر کیا جائے گا۔

نتیش کمار نے مودی کے پیر چھو کر بہار کو زسوا کیا: پرشانت کشور

بھاگلپور،15/جون۔(ایجنسیز) سیاسی حکمت عملی ساز سے جدکار بنے پرشانت کشور نے چیف منسٹر بہار نتیش کمار پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے اپنا اقتدار برقرار رکھنے وزیراعظم نریندر مودی کے "پیر چھوئے"۔ پرشانت کشور جو "جن سوراج" مہم چلا رہے ہیں' جمعہ کے دن بھاگلپور میں جلسہ عام سے خطاب کررہے تھے۔ 2015 میں جنتا دل یو صدر کی انتخابی مہم چلانے اور 2 سال بعد جنتا دل یو میں شامل ہونے والے پرشانت کشور نے کہا کہ لوگ مجھ سے پوچھتے ہیں کہ اب میں نتیش کمار پر تنقید کیوں کررہا ہوں جبکہ ماضی میں ان کے ساتھ کام کرچکا ہوں۔ وہ اُس وقت الگ قسم کے آدمی تھے۔ ان کا ضمیر اس وقت برائے فروخت نہیں تھا۔ ریاست کا قائد ریاست کے عوام کا تاجر ہوتا ہے نتیش کمار نے مودی کے پیر چھو کر بہار کو ضرر مند کردیا۔ پرشانت کشور دہلی میں گزشتہ ہفتہ این ڈی اے میٹنگ کا حوالہ دے رہے تھے۔

مدارس کے ہندو طلبہ کو عام اسکولوں میں شریک کروایا جائے

قومی کمیشن برائے تحفظ حقوق اطفال کی حکومت مدھیہ پردیش کو ہدایت

بھوپال،15/جون۔(ایجنسیز) قومی کمیشن برائے تحفظ حقوق اطفال نیشنل کمیشن فار پروٹیکشن آف چائلڈ رائٹس کے صدر نشین پرینک کانونگو نے مدھیہ پردیش کی بی جے پی حکومت سے کہا کہ وہ مدرسوں میں پڑھنے والے ہندو بچوں کو عام اسکولوں میں بھیجے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اسلامی ادارے حق تعلیم (آر ٹی ای) قانون کے دائرے میں شامل نہیں ہیں۔ پرینک کانونگو نے کہا' مدھیہ پردیش میں 1755 رجسٹرڈ مدارس میں 9417 ہندو بچے زیر تعلیم ہیں۔ ان اداروں میں بنیادی ڈھانچے کی کمی کے جیسا کہ آر ٹی ای ایکٹ کے تحت لازمی ہے۔ غیر رجسٹرڈ مدارس میں پڑھنے والے ہندو بچوں کو بھی عام اسکولوں میں بھیجا جانا چاہیے۔ میں مدھیہ پردیش کی حکومت سے درخواست کرتا ہوں کہ مدرسوں میں پڑھنے والے ہندو بچوں کو وہاں سے نکالا جائے۔ کانونگو نے کہا' جس ایکٹ کے تحت مدھیہ پردیش مدرسہ بورڈ وجود میں آیا ہے اس میں مدارس کی تعریف کی گئی ہے اور واضح طور پر کہا گیا ہے کہ ان میں اسلامی مذہبی تعلیم دی جانی چاہیے۔ حق تعلیم ایکٹ کا سیکشن ایک مدارس کو حق تعلیم قانون کے دائرے سے باہر رکھتا ہے۔ این سی پی سی آر کی اطلاع کے مطابق ان مدارس کے اساتذہ کے پاس بی ایڈ کی ڈگری نہیں ہے اور انہوں نے ٹیچر کی اہلیت کا امتحان (ٹی ای ٹی) بھی نہیں دیا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ مدارس کا بنیادی ڈھانچہ آر ٹی ای ایکٹ کے مطابق نہیں ہے' مدارس میں سیکورٹی کے انتظامات بھی پختہ نہیں ہیں۔ بچوں کے حقوق کے ادارے کے سربراہ نے کہا کہ تعلیم کا حق ایکٹ واضح طور پر کہتا ہے کہ تحقیقات لازمی ہے۔ غیر رجسٹرڈ مدارس میں پڑھنے والے ہندو بچوں کو بھی عام اسکولوں میں بھیجا جانا چاہیے۔ میں مدھیہ پردیش کی حکومت سے درخواست کرتا ہوں کہ مدرسوں میں پڑھنے والے ہندو بچوں کو وہاں سے نکالا جائے۔ کانونگو نے کہا' جس ایکٹ کے تحت مدھیہ پردیش مدرسہ بورڈ وجود میں آیا ہے اس میں مدارس کی تعریف کی گئی ہے اور اس کے ہندو طلبہ کو عام اسکولوں میں شریک کروایا جائے۔ قومی کمیشن برائے تحفظ حقوق اطفال کے چیئرمین نے 7 جون ایک گروپ فوٹو لیا۔ میڈیا پر ایک پوسٹ میں وزیراعظم نے اپنے دورے کو کارآمد قرار دیا اور کہا کہ یہ ایک اہم دن 20 چوٹی کانفرنس تھی جس میں انھوں نے عالمی منظر پر ہندوستان کے نقطۂ نظر کو پیش کیا۔ انھوں نے مختلف موضوعات پر عالمی قائدین کے ساتھ اپنی بات چیت کو نمایاں کیا۔ انھوں نے مؤثر حل کیلئے مشترکہ عہد کا اظہار کیا جس سے عالمی برادری کو فائدہ پہونچے اور مستقبل کی نسلوں کیلئے ایک بہتر دنیا کی تشکیل ہوسکے۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ اس دورے کے دوران جی 20 پلیٹ فارم کے تحت کلیدی عالمی مسائل پر ثمرآور مذاکرات ہوئے۔ اس کے علاوہ چوٹی کانفرنس کے دوران شریک ممالک کے ساتھ ہندوستان کی شراکت کو مضبوط کرنے پر بات چیت ہوئی۔ اس دورے کے دوران وزیراعظم نے جی 7 سمٹ میں شرکت کی اور اپنی اطالوی ہم منصب جارجیا میلوئی، برطانیہ کے وزیراعظم رشی سوناک، فرانس کے صدر ایمانوئیل میکرون اور یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلینسکی کے بشمول کئی عالمی قائدین کے ساتھ باہمی ملاقاتیں کیں۔ اٹلی کے اوپلیہ میں جمعہ کو جی 7 سمٹ کے آؤٹ ریچ سیشن سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے توانائی کے شعبے میں ہندوستان کے سفری وضاحت کی۔ انھوں نے ہندوستان کے آرٹیفیشیل انٹیلیجنس مشن کا تذکرہ کیا جو سب کے لئے مصنوعی ذہانت کے اصول پر مبنی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس ٹکنالوجی کا مقصد تمام افراد کی فلاح و بہبود ہونا چاہئے۔

ٹرین کی زد میں آکر دو خواتین اور ایک کمسن لڑکی ہلاک

کولہاپور،15/جون۔(ایجنسیز) مہاراشٹر میں کولہاپور کے مضافاتی علاقہ وکرم نگر علاقے میں ہفتہ کو ریلوے پٹریوں پر ٹرین کی زد میں آکر دو خواتین اور ایک بچی کی موت ہوگئی۔ پولس ذرائع نے بتایا کہ تینوں مہلوکین ریلوے پٹریوں کے درمیان چل رہے تھے۔ اسی دوران انہیں تیز رفتار کوینا ایکسپریس نے کچل دیا جس سے تینوں کی موقع پر موت ہوگئی۔ ان کا کہنا تھا کہ لاشیں اتنی خستہ حال تھیں کہ ان کی شناخت نہیں ہوسکی۔ پولس اس بات کی بھی تحقیقات کررہی